# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

تمام متعلقہ افراد کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سردار کیمیکل انڈسٹریز لمیٹڈ کا 33واں سالانہ اجلاس عام اس کی فیکٹری اور رجسٹرڈ آفس پلاٹ نمبر B-29، گدون امازئی انڈسٹریل اسٹیٹ، ٹوپی ضلع صوابی، خیبر پختونخواہ 28 اکتوبر 2022 بروز جمعہ 3:30 بجے مندرجہ ذیل کاروبار کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

۱۔ پچھلے اجلاس عام منعقدہ 26 اکتوبر 2021 کی کاروائی کی توثیق۔

۲۔ 30 جون 2022 کو ختم شدہ سال کے لئے آڈٹ شدہ حسابات اور اس کے ساتھ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی اور ان پر غور کی منظوری۔

۳۔ اگلے سال 30 جون 2023 کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضہ کا تعین کرنا۔

**مخصوص کاروبار:**

ورکنگ ڈائریکٹرز کے معاوضے کو بڑھانا۔

۱۔ ورکنگ ڈائریکٹر (فی میل) 2,00,000 روپے کرنے کی تجویز ہے۔

۲۔ کمپنی ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے مطابق مخصوص کاروبار کی تفصیل سالانہ میٹنگ کے نوٹس کے ساتھ جملہ حصہ داران کو بھجوا رہے ہیں۔

**دیگر امور:**

صاحب صدر کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

**نوٹس:**

**مورخہ 7 اکتوبر 2022** **بورڈ کی اجازت سے**

لاہور کمپنی سیکرٹری

1۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 22 اکتوبر تا 28 اکتوبر 2022 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

2۔ ممبران کے پتے میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی سے متعلق فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز کارپ لنک لاہور کو مطلع فرمائیں۔

3۔ انفرادی ممبران سے گزارش ہے کہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل شیئر رجسٹرار کے پاس جلد از جلد جمع کروادیں۔

4۔ جن جن حصہ داران نے اپنا IBAN کمپنی کو مہیا نہیں کیا، ان کو چاہیے کہ جلد از جلد اپنے IBAN اور بنک کا نام، بنک کی برانچ اور بنک کا ایڈریس کمپنی کو ارسال کردیں۔

5۔ میٹنگ میں شرکت کا مجاز ممبر کسی دوسرے شخص کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔

6۔ بذریعہ پراکسی میٹنگ میں شرکت کے مجاز کاغذات باقاعدہ تصدیق شدہ کمپنی کے دفتر میں کم از کم 45 گھنٹے میٹنگ ٹائم سے پہلے جمع کرانے ضروری ہیں۔

7۔ جو ممبران CDC کے ممبر ہیں وہ SECP کی ہدایات کے مطابق عمل کریں۔

8۔ SECP کے نوٹیفیکیشن نمبر 2014(1)634 مورخہ 10 جولائی 2014 کمپنی کے حسابات 30 جون 2022 کو ختم شدہ سال کی سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.sardarchemicals.com پر بھی ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

9۔ وہ حصہ داران جو کمپنی کے مالیاتی رپورٹس ای میل کے ذریعے وصول کرنے کے خواہش مند ہوں اپنی رضا مندی فارم جو کہ ہماری ویب سائٹ پر موجود ہے، پُر کر کے کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز کارپ لنک کو ارسال کریں۔

A۔ **اجلاس میں شرکت کے لئے:**

(۱) انفرادی CDC شیئر ہولڈر اور ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اپنی شناخت اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ دکھا کر میٹنگ میں شرکت کر سکتا ہے۔

(۲) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد فرد (جو کارپوریٹ ادارے کی جانب سے شرکت اور ووٹ دینے کا مجاز ہو) کے دستخط کا نمونہ پراکسی فارم کے ہمراہ دفتر کو جمع کراوانا ضروری ہے۔

B۔ **پراکسیز کے تقرر کے لئے:**

(۱) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور /یا فرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد کے مطابق مندرج ہیں وہ مندرجہ بالا ضابطے کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

(۲) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی لازمی ہے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج کیے جائیں گے۔

(۳) بینیفشل مالکان اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کی جائیں گی۔

(۴) پراکسی اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ اجلاس کے وقت پیش کریں گے۔

(۵) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد /پاور آف اٹارنی، بمع نامزد فرد (جو کارپوریٹ ادارے کی جانب سے اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا مجاز ہو) کے دستخط کا نمونہ، پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو جمع کروانا لازمی ہے۔

C۔ SECP کے سرکولر نمبر 10 کا 2014 مورخہ 21 مئی 2014 کے بموجب ممبران ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے اجلاس عام میں شرکت کرنے کے خواہشمند کے پاس کمپنی کے حصص کا 10 فیصد ہونے کی صورت میں کمپنی کے اجلاس سے 10 دن پہلے (اگر اُس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت موجود ہو تو) مطلع کریں۔

**<u>کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے مطابق مخصوص کاروبار کی تفصیل:</u>**

مخصوص کاروبار کی تفصیل جس کی اجازت کمپنی کے حصہ داران سے کمپنی کے سالانہ اجلاس مورخہ 28 اکتوبر 2022 کو لینا مقصود ہے۔

ا۔ ورکنگ ڈائریکٹر (فی میل) 2,00,000 روپے کرنے کی تجویز ہے۔

("ہم کمپنی کی ورکنگ ڈائریکٹر (فی میل) کو -/2,00,000 روپے ماہانہ تنخواہ دینے کی اجازت دیتے ہیں")

اوپر بیان شدہ مخصوص کاروبار میں کسی بھی ڈائریکٹر کا مفاد نہیں ہے۔

SARDAR CHEMICAL INDUSTRIES LTD.